Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی قانونی ٹیم کے رکن شیر افضل مروت ایڈووکیٹ کی ٹویٹ کا معاملہ

19 اگست 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی قیادت نے شیر افضل مروت کی ٹویٹ کا نوٹس لے لیا
- شیر افضل مروت ایڈووکیٹ کے تاثرات کی مکمل چھان بین کا فیصلہ
- پاکستان تحریک انصاف اپنی سیاسی جدوجہد کے نازک ترین دور سے گزر رہی ہے۔
- چیئرمین عمران خان کی منظوری سے تحریک انصاف کی کور کمیٹی نہایت پیچیدہ صورتحال میں فیصلہ سازی کا حسّاس فریضہ سرانجام دے رہی ہے۔
- نہایت قابل، محنتی اور وفاشعار قانونی ماہرین پر مشتمل قانونی ٹیم چیئرمین سمیت قائدین اور کارکنان کیخلاف لاقانونیت اور بدترین انتقام کی یلغار میں حصولِ انصاف کیلئے کوشاں ہے۔
- جبر و فسطائیت کے ماحول میں قانون کی حکمرانی اور حصولِ انصاف کی ان کی کوششوں کو پارٹی کے تمام کارکنان اور قائدین خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔
- شیر افضل مروت ایڈووکیٹ کو اپنے تاثرات کا اظہار ٹویٹر کی بجائے پارٹی پلیٹ فارمز پر کرنا چاہیئے تھا، ترجمان تحریک انصاف
- فی الوقت ان کے خیالات کو ان کے نجی تاثرات ہی کے زُمرے میں رکھ کر ان کا جائزہ لیا جائے گا۔
- تحریک انصاف کو کچلنے کے ریاستی عزائم کے پیشِ نظر داخلی منافرت و تقسیم کی سازش کے امکانات کو بھی رد نہیں کیا جاسکتا۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- تحریک انصاف کی اجتماعی فیصلہ سازی کے عمل میں رخنہ اندازی یا تحریکی وحدت کو نقصان پہنچانے کی ہر مذموم دانستہ یانادانستہ کوشش کو مکمل اتحاد، یگانگت اور اعتمادِ باہمی سے ناکام بنائیں گے۔
- شیر افضل مروت ایڈووکیٹ اپنے خیالات و تاثرات کی پڑتال کیلئے تحریکی نظم سے معاونت کریں۔
- قانونی ٹیم اسی محنت، لگن، جذبے اور ہمّت سے اپنے فرائض کی انجام دہی جاری رکھے جو ان نامساعد حالات میں ان کی پہچان اور طرّۂ امتیاز بن چکا ہے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk